Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | اتوار، 24 مارچ 2024ء، 13 رمضان المبارک 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 16

نرسنگ کے شعبے میں بہتری کیلئے اہم انقلابی قدم

نرسنگ کا شعبہ صحت کے شعبے میں 3 بڑی اہمیت کا حامل۔ صدر پاکستان نرسنگ کونسل نرسنگ کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے

شکر پڑیاں پریڈ گراؤنڈ میں یوم پاکستان پریڈ کی تقریب کے دوران جیٹ طیاروں کے فلائٹ پاسٹ کا ایک منظر

اسلام آباد (چیف رپورٹر) نرسنگ کا شعبہ صحت کے شعبے میں 3 بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ صدر پاکستان نرسنگ کونسل نرسنگ کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے صدر پاکستان نرسنگ کونسل پاکستان نرسنگ ایجوکیشن بورڈ کے زیر ڈھائو (LHVse) سے متعلق ضابطہ اخلاق کی منظوری دے دی صدر پاکستان نرسنگ کونسلز ضابطہ اخلاق کے منظوری سے پیشہ ورانہ مہارت کو فروغ ملے گا نرسنگ اور ڈاکٹر کی کیٹیگری کے اندر اخلاقی معیار کو بہتر (بقیہ نمبر 36)

پتنگ بازی کے سدباب کے لئے مہم چلانے کا حکم

چیف سیکرٹری کو احکامات پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پتنگ بازی پر پابندی کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت ایکشن کی ہدایت کی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے چیف سیکرٹری کو کسی انتظامیہ اور پولیس کو احکامات پر عملدرآمد یقینی بنانے (بقیہ نمبر 37)

نواز شریف نے پابندی کے باوجود پتنگ بازی کے پے در پے واقعات پر شدید برہمی کا اظہار کیا اور صوبہ بھر میں پتنگ بازی کے سدباب کے لئے مہم چلانے کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم

آلودگی پھیلانے والی فیکٹریوں کے بجلی کنکشن منقطع کرنے کا حکم

لاہور ہائیکورٹ کی ٹولنٹن مارکیٹ میں تجاوزات کے مرتکب افراد کے خلاف کارروائی کی ہدایت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے آلودگی پھیلانے والی فیکٹریوں کے بجلی کنکشن منقطع کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے سموگ اور ماحولیاتی آلودگی کیخلاف کیس کی سماعت کی ، عدالت نے آلودگی (بقیہ نمبر 3)

جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس، علی امین گنڈاپور کی ضمانت منظور

ڈوڈلٹا لوگ بیان جھوٹا، اسد مجید کو بلانا چاہیے، ہم نے صوبے میں ہیلتھ کارڈ شروع کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی اندوہ دہشت گردی عدالت نے جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس میں وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کی ضمانت قبل از گرفتاری 17 اپریل تک منظور کر لی۔ علی امین گنڈاپور (بقیہ نمبر 4)

ہفتہ وار مہنگائی معمولی کمی کے بعد 29 فیصد ریکارڈ

زیر جائزہ مدت کے دوران 9 اشیا کے نرخوں میں اضافہ، 17 کی قیمتوں میں کمی ہوئی

لاہور (این این آئی) حساس قیمت انڈیکس سے پیش کردہ ڈیٹا کے مطابق ہفتہ وار مہنگائی کی شرح 21 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتے کے دوران سالانہ بنیادوں پر معمولی کمی کے بعد 29.06 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ پاکستان ادارہ شماریات کی آگہی (بقیہ نمبر 5)

یوم پاکستان قومی جوش و جذبے اور عقیدت و احترام کیساتھ منایا گیا، اسلام آباد میں 31 اور صوبائی دارالحکومتوں میں 21،21 توپوں کی سلامی

اپنی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے اور پاکستان کو غیر مستحکم کرنے والی کسی دہشت گرد گروپ کو برداشت نہیں کریں گے

ان کی خواہش کو کمزوری سمجھا جائے، صدر زرداری

یوم پاکستان پریڈ میں پاک فضائیہ کے جیٹ طیاروں سے الف 17 ایف سولہ اور میراج طیاروں کا فضائی مظاہرہ، فوجی دستوں کی سلامی، یوم پاکستان پریڈ کی تقریب کے مہمان خصوصی سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن السعود کی شرکت پریڈ دیکھنے کیلئے اسلام آباد کے شکر پڑیاں گراؤنڈ میں موجود رہے

پاکستان کی تعمیر، ترقی اور سلامتی کو اپنی جان سے زیادہ عزیز رکھیں گے، مشکلات کے باوجود پاکستان نے دفاع، صنعت، زراعت، تعلیم، صحت اور ٹیکنالوجی سمیت مختلف شعبوں میں ترقی کی منازل طے کیں

ہم سب کی ذمہ داری ہے ملک کو درپیش مسائل سے نکالنے اور معاشی استحکام کیلئے یکسوئی کے ساتھ کام کریں، پاکستان کی بہادر مسلح افواج دفاع وطن کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں، یوم پاکستان پریڈ سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ اپنی خودمختاری پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے اور دہشت گرد گروپ کو برداشت نہیں کریں گے، پاکستان کی تعمیر، ترقی اور سلامتی کو اپنی (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں یوم پاکستان قومی جوش و جذبہ اور عقیدت و احترام کے ساتھ منایا گیا ، دارالحکومت میں وفاقی وزراء کابینہ ارکان پارلیمنٹ ، سفارتکاروں ، اعلیٰ فوجی افسران ، سول و عسکری بیوروکریٹس ، سیاسی و مذہبی جماعتوں کے نمائندوں ، سول سوسائٹی کے نمائندوں ، سفارتی مشن کے سربراہان ، اعلیٰ عدلیہ کے ججز ، سول و عسکری اعلیٰ حکام ، سیاسی و سماجی شخصیات ، صحافیوں ، دانشوروں ، طلبہ و طالبات ، اساتذہ ، سول و فوجی افسران ، سول سوسائٹی کے نمائندوں ، مختلف شعبہ جات کے ماہرین

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی سچی ترجمان
وابستہ پاکستان صحافتی تنظیمات

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سائفر کیس اور دہشت گردی پر دوٹوک امریکی موقف

امریکی معاون وزیر خارجہ ڈونلڈ لو نے امریکی ایوان نمائندگان کی خارجہ امور کمیٹی کی ذیلی کمیٹی کے روبرو سائفر کے حوالے سے پاتی پی ٹی آئی عمران خان کے الزامات کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ سائفر کیس میں امریکی سازش سے متعلق عمران خان کا الزام سراسر جھوٹ پر مبنی ہے۔ انکے بقول الزام عمران خان کے اس جھوٹے الزام کی بنیاد پر انکیں اور ان کے خاندان کو دو برس سے قتل کی دھمکیاں دی جارہی ہیں جبکہ خود پاکستانی سفیر اسد مجید بھی سائفر کا الزام جھوٹ پر مبنی قرار دے چکے ہیں۔ ڈونلڈ لو کا کہنا تھا کہ پاکستان اس وقت معیشت اور دہشت گردی دونوں محاذوں پر لڑ رہا ہے۔ پاکستان معاشی بدحالی کا شکار ہے اور افغانستان میں فوجی انخلا کے بعد سے خطہ غیر مستحکم ہے۔ پاکستان کی اندرونی صورتحال کے باعث خطے کی صورتحال مزید خراب ہوتی ہے۔ پاکستان امریکہ کا اہم پارٹنر ہے۔ ہم پاکستان کے جمہوری اداروں کو مضبوط بنانے کے عزم میں شریک ہیں۔ انکے بقول یواایس پاکستان گرین لائنس فریم ورک قائم کیا ہے۔ ہم دہشت گردی کے خطرات کے مقابلہ کرنے کیلئے تعاون کرتے ہیں۔ امریکہ پاکستان میں معاشی استحکام کو فروغ دینے کیلئے اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ہم پاکستان کی برآمدات کیلئے بھی سرفہرست ہیں اور اپنی شراکت کے 76 برسوں میں سب سے اہم سرمایہ کار رہے ہیں۔ پاکستان کو معاشی اصلاحات اور نجی شعبے کی زیر قیادت سرمایہ کاری کی ضرورت ہے۔ اس تناظر میں پاکستان کے عوام ایک ایسے ملک کے مستحق ہیں جو پرامن، جمہوری اور خوشحال ہو۔ ہم اس وژن کی حمایت کیلئے دن رات کام کررہے ہیں۔

دہشت گردی کے حوالے سے ڈونلڈ لو کا کہنا تھا کہ افغانستان 40 برس سے تنازعات میں گھرا ہوا ہے اور پاکستان افغانستان سے جڑے تنازعات میں پھنسا ہوا ہے؟ ہمارا سب سے اہم مقصد یہ ہے کہ دہشت گردی کا سامنا کرنے والے پاکستانی عوام کو سپورٹ کریں۔ پاکستان کے عوام نے جس دہشت گردی کا سامنا کیا ہے کسی اور نے نہیں کیا۔ خیبر پی کے اور بلوچستان میں کچھ برسوں سے دہشت گردی میں بہت اضافہ ہوا ہے۔ افغان سرزمین سے پاکستانی علاقے پر حملے جاری ہیں۔ افغان علاقے سے بڑا حملہ ہفتے کو ہوا جس میں سات پاکستانی جوان شہید ہوئے۔ یہ حملہ ٹی ٹی پی نے کیا۔ ممڈلو نے مجبوری کا مکمل انظام کیا ہوا کرایا کہ افغان طالبان اس امر کو یقینی بنائیں کہ انکی سرزمین دہشت گرد حملوں کیلئے استعمال نہ ہو۔ انہوں نے تسلیم کیا کہ افغان جنگ سے سب سے زیادہ نقصان پاکستان کو ہوا ہے۔ پاکستان میں معاشی استحکام امریکہ کے مفاد میں ہے۔ پاکستان اپنی معاشی پالیسیاں ٹھیک کرے تو امریکہ سے بڑی سرمایہ کاری آسکتی ہے۔

امریکی ایوان نمائندگان کی خارجہ امور کمیٹی کی ذیلی کمیٹی میں پاکستان کے انتخابات کے بعد کی صورتحال پر دشمن کرنے کا مقصد پاکستان اور امریکہ کے مستقبل کے تعلقات پر بات کرنا تھا۔ اس حوالے سے کمیٹی کے روبرو امریکی معاون وزیر خارجہ ڈونلڈ لو نے مبینہ انتخابی دھاندلیوں، پولنگ سے پہلے اور پولنگ کے دوران دہشت گردی اور تشدد کے واقعات، انٹرنیٹ سروس کی معطلی، صحافیوں سے بدسلوکی اور انتخابی عمل میں مداخلت سمیت جن معاملات کی نشاندہی کی اور انکی جامع تحقیقات پر زور دیا۔

ماہ رمضان اور سنت رسول ﷺ

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

اسلام کے بنیادی چار ارکان میں روزہ ایک انتہائی اہم رکن ہے کیونکہ جب کسی صالح اور پرہیزگار مسلمان کا ذکر ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے فلاں شخص پابند صوم وصلوۃ ہے: اصطلاح مستعمل اور مروج عام ہے قرآن وحدیث میں روزے کی فرضیت اہمیت اور فضیلت کا ذکر جگہ جگہ ملتا ہے کہ امرض پر ملنے والے ریاض مسلمانوں کے رول ماڈل ہیں کریم و رسول رحمت ﷺ ہیں لہذا ہر مسلمان کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنی زندگی کے ہر پہلو کو سنت نبوی ﷺ کے مطابق ڈھالے۔ ماہ رمضان کی آمد کے ساتھ ہی پیارے آقا ﷺ کی عبادات ریاضت مجاہدہ میں عام دنوں کی نسبت بہت زیادہ اضافہ ہو جاتا۔ اس ماہ میں عشیت اور محبت الٰہی اور انتہ فقط عروج پر ہوتی آپ ﷺ راتوں کا قیام بڑھا دیتے۔ رمضان المبارک میں آپ ﷺ کی راتیں تو اذ رکعت کے ساتھ نماز میں کھڑے رہنے تسبیح وتہلیل اور ذکر الٰہی میں محویت سے عبارت ہے شہنشاہ دو عالم ﷺ نے رمضان المبارک میں قیام کرنے کی فضیلت کے بارے میں فرمایا۔ جس نے ایمان واحتساب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے اور راتوں کو قیام کیا وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جاتا ہے جس طرح وہ بطن مادر سے پیدا ہوتے وقت) گناہوں سے (پاک قام ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ سے مروی ہے۔ جب رمضان شروع ہوتا تو رسول اللہ ﷺ کا رنگ مبارک متغیر ہو جاتا آپ ﷺ کی نمازوں میں اضافہ ہو جاتا اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعا کرے اور اس کا خوف طاری رکھتے۔ رمضان المبارک میں شافع محشر کا روزانہ کا معمول مبارک تھا کہ آپ ﷺ روزے کا آغاز کھجوری کھانے اور اختتام جلد افطاری سے کیا کرتے تھے۔ حضرت انس بن مالک سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے سحری کھانے کے متعلق فرمایا ہے۔ سحری کھایا کرو کیونکہ سحری میں برکت ہے اور جگہ پر حضرت ابوہریرہ سے حضرت عمرو بن العاص سے روایت کیا ہے کہ رحمت دو جہاں ﷺ نے فرمایا ہمارے اور اہل کتاب کے روزوں میں سحری کھانے کے فرق ہے۔ رحمت دو جہاں ﷺ کا ساری عمر کا ایک معمول تھا کہ آپ ﷺ کثرت سے صدقہ خیرات کیا کرتے لیکن جیسے ہی ماہ رمضان کا آغاز ہوتا آپ ﷺ کی اس عادت مبارکہ میں بہت زیادہ اضافہ ہو جاتا، شہنشاہ عالم ﷺ کی سخاوت کا یہ عالم کہ کوئی بھی سوالی آپ ﷺ کے در سے خالی ہاتھ واپس نہ جاتا ماہ رمضان میں باقی گیارہ مہینوں کی نسبت سخاوت اپنے نقطہ عروج پر نظر آتی اس ماہ میں صدمہ خیرات کی بارش نظر آتی۔ حضرت عبداللہ بن عباس روایت ہے۔ ترجمہ: جب حضرت جبرائیل امین آجاتے تو آپ ﷺ بھلائی کرنے میں تیز ہوا سے بھی زیادہ تیز ہو جاتے تھے۔ حضرت جبرائیل کیونکہ رمضان المبارک میں خدائے بزرگ و برتر کی طرف سے پیغام محبت لے کر آتے تھے۔ چونکہ عام دنوں کی نسبت جبرائیل کثرت سے آتے تھے اس لیے سرور کائنات جبرائیل امین کے آنے کی خوشی میں صدقہ خیرات بھی کثرت سے کرتے تھے امام نووی اس حدیث مبارکہ کی اہمیت اس طرح بیان کرتے ہیں۔ آپ ﷺ کی جود وسخا کے بیان۔ رمضان المبارک میں کثرت سے صدقہ خیرات کے پسندیدہ عمل ہونے کا بیان۔ نیک بندوں کی ملاقات پر جود وسخا اور خیرات کی زیادتی کا بیان قرآن مجید کی تدریس کے لیے مدارس کے قیام کا جواز۔ نبی کریم ﷺ پورا رمضان المبارک بہت زیادہ ذوق شوق سے عبادات کرتے۔ آپ ﷺ رمضان المبارک میں تلاوت قرآن پاک بہت بڑھا دیتے تلاوت قرآن مجید افضل ترین عبادت میں سے ہے۔ حضرت نعمان بن بشیر روایت کرتے ہیں شہنشاہ دو عالم ﷺ نے فرمایا۔ میری امت کی سب سے افضل عبادت تلاوت قرآن مجید ہے۔ بلاشبہ قرآن مجید کی تلاوت کے بنا ہدایت اور فضیلت ہے یہ عظیم کتاب رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں نازل ہوئی۔ اسی لیے رمضان المبارک اور قرآن مجید کا آپس میں بہت گہرا تعلق ہے۔ لہذا رمضان المبارک کے مقدس ماہ میں قرآن مجید کی تلاوت کرنے والا اس عظیم الشان تعلق کو اور بھی مضبوط کرتا ہے ساقی کوثر سرور کائنات محبوب خدا شہنشاہ دو عالم ﷺ کا متعدد احادیث مبارکہ اس امر بات کا روشن ثبوت اور دلیل بھی ہے کہ آقائے دو جہاں ﷺ رمضان المبارک میں قرآن مجید کی تلاوت فرماتے اور جبرائیل امین کو سناتے۔ حضرت عبداللہ بن عباس سے روایت ہے۔ ترجمہ: حضرت جبرائیل امین رمضان کی ہر رات میں آپ ﷺ سے ملاقات کرتے اور آپ کے ساتھ قرآن مجید کا دورہ کرتے قرآن مجید کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ روز محشر جب کوئی کسی کا والی نہ ہوگا ہر کسی کو اپنی پڑی ہوتو تلاوت قرآن مجید کا اہتمام کرنے والوں کی شفاعت قرآن مجید خود سفارش کرے گا۔ حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے پیارے آقا ﷺ فرماتے ہیں قیامت کے دن روزہ اور قرآن مجید دونوں بندے کی شفاعت کریں گے روزہ کہے گا اے میرے رب میں نے اس شخص کو دن کے وقت کھانے پینے اور دوسری نفسانی خواہشات سے روکے رکھا میری شفاعت کو قبول فرما قرآن کہے گا اے میرے رب میں نے اس شخص کو رات کے وقت جگائے رکھا پس اس کے متعلق میری شفاعت قبول کی جائے گی۔ رمضان المبارک کے آخری دن دنوں میں رسول اللہ ﷺ کا اعتکاف کرنے کا معمول تھا ہماری ماں حضرت عائشہ فرماتی ہیں۔ حضور نبی کریم ﷺ رمضان المبارک کے آخری دن دن اعتکاف کرتے تھے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے حکم سے آپ ﷺ کا وصال ہو گیا پھر آپ ﷺ کے بعد آپ کی ازواج مطہرات نے اعتکاف کیا اسی سلسلے میں حضرت ابو ہریرہ سے ایک مروی ہے۔ شہنشاہ دو عالم رحمت دو جہاں ساقی کوثر شافع محشر سرور کائنات رسول رحمت، محبوب خدا ﷺ ہر سال رمضان المبارک میں دس دن کا اعتکاف فرماتے تھے اور جس سال آپ ﷺ کا وصال مبارک ہوا اس سال آپ ﷺ نے بیس دن اعتکاف کیا۔ آج وطن عزیز میں مسلمان حرمت رسول ﷺ پر جان دینے کو تیار ہے لیکن سیر نت نئی بدعتیں کو اپنانے کو تیار نہیں ہے۔ دونوں جہانوں میں حقیقی کامیابی کے لیے ہمیں نبی کریم ﷺ کی سیرت مبارکہ کو حقیقی معنوں میں اپنی زندگیوں میں لانا ہوگا تب ہی حقیقی کامیابی ہمارا مقدر بنے گی۔

روزہ صرف منہ باندھنے کا نام نہیں ہے

صدا بہحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

ماہ مبارک کے آتے ہی مسجدیں پہلے سے زیادہ آباد ہو جاتی ہیں۔ گیارہ مہینے تک دن رات کاروبار اور دیگر کاموں میں مبتلا رہنے والا مسلمان اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ روز محشر جب کوئی کسی کا والی نہ ہوگا ہر کسی کو اپنی پڑی ہو تو تلاوت قرآن مجید کا اہتمام کرنے والوں کی شفاعت قرآن مجید خود سفارش کرے گا۔ حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے پیارے آقا ﷺ فرماتے ہیں قیامت کے دن روزہ اور قرآن مجید دونوں بندے کی شفاعت کریں گے روزہ کہے گا اے میرے رب میں نے اس شخص کو دن کے وقت کھانے پینے اور دوسری نفسانی خواہشات سے روکے رکھا پس اس کے متعلق میری شفاعت قبول فرما قرآن کہے گا اے میرے رب میں نے اس شخص کو رات کے وقت جگائے رکھا پس اس کے متعلق میری شفاعت قبول کی جائے گی۔ رمضان المبارک کے آخری دن دنوں میں رسول اللہ ﷺ کا اعتکاف کرنے کا معمول تھا ہماری ماں حضرت عائشہ فرماتی ہیں۔ حضور نبی کریم ﷺ رمضان المبارک کے آخری دن دن اعتکاف کرتے تھے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے حکم سے آپ ﷺ کا وصال ہو گیا پھر آپ ﷺ کے بعد آپ کی ازواج مطہرات نے اعتکاف کیا اسی سلسلے میں حضرت ابو ہریرہ سے ایک مروی ہے۔ شہنشاہ دو عالم رحمت دو جہاں ساقی کوثر شافع محشر سرور کائنات رسول رحمت، محبوب خدا ﷺ ہر سال رمضان المبارک میں دس دن کا اعتکاف فرماتے تھے اور جس سال آپ ﷺ کا وصال مبارک ہوا اس سال آپ ﷺ نے بیس دن اعتکاف کیا۔ آج وطن عزیز میں مسلمان حرمت رسول ﷺ پر جان دینے کو تیار ہے لیکن سیر نت نئی بدعتیں کو اپنانے کو تیار نہیں ہے۔ دونوں جہانوں میں حقیقی کامیابی کے لیے ہمیں نبی کریم ﷺ کی سیرت مبارکہ کو حقیقی معنوں میں اپنی زندگیوں میں لانا ہوگا تب ہی حقیقی کامیابی ہمارا مقدر بنے گی۔

کرنے کی کوشش کی تو بولا "میں نے بھی تو پانچ لاکھ روپے باندھ کر رکھے ہوئے تھے"۔ میں نے اسے سمجھانے کی کوشش کی کہ ذخیرہ اندوزی کرکے یہ دوسرا جرم آپ نے کیا تھا مگر اسے اثر نہ ہوا تھا نہ ہوا۔

رمضان شریف میں ایک اور رواج فیشن کی صورت اختیار کر گیا ہے۔ وہ رواج افطار پارٹیوں کا انعقاد ہے۔ حدیث شریف کے مطابق کسی کا روزہ افطار کروانے والے کو بھی اتنا ہی ثواب ملتا ہے جتنا روزہ رکھنے والے کو، مگر ہمارے ہاں یہ رواج ہے کہ افطار پارٹیاں بھی اپنی آرگی غرض سے دی جاتی ہیں۔ شرکت کرنے والوں کے لیے ضروری نہیں کہ انہوں نے روزہ رکھا ہوا ہو۔ دیگر لوگ بھی اپنے دوست احباب کے لیے فیشنی افطار پارٹیوں کا بندوبست کرتے ہیں جن میں حسب ونسب وخمائش کا خاص خیال رکھا جاتا ہے، کئی طرح کے کھانے اور مشروبات پیش کیے جاتے ہیں۔ بہت سا کھانا ضائع کیا جاتا ہے جو ضائع کر دیا جاتا ہے۔

یہ سب مناسب نہیں ہے۔ ان نمائشی افطار پارٹیوں کی بجائے اگر بھی، ہم محلے یا ہاں پڑوس کے مستحقین کے گھر خاموشی سے پہنچائی جائے یا انہیں راشن کے کردے دیا جائے تو ان کے روزے بھی سکون سے گزر جائیں گے۔ روزہ صرف سحری کھا کر مغرب تک منہ باندھے کا نام نہیں ہے۔ روزے کے دوران اپنے معاملات کو درست رکھنا بھی اتنا ہی ضروری ہے۔ چلنے چلنے ایک دوست کا واقعہ بھی پڑھ دیجیے۔

میں نے دوست احباب کے لیے افطار پارٹی کا اہتمام کیا تھا۔ اس محفل میں پکوڑوں کا آرڈر دینے کے لیے اعظم چاچا کے پاس پہنچ گیا جن کے پکوڑے پورے شہر میں مشہور تھے۔

میں نے پوچھا، اعظم چاچا! کل میرے گھر میں افطاری ہے، تم کیا چاہتے ہو کہ میں اپنے احباب کو بھیجوں، کھانے میں کیا کھاؤ گے؟ میں نے تمہارے پکوڑے کھانے ہیں، تم کیا چاہتے ہو کہ میں تمہارے لیے کیا لاؤں؟

بقیہ 1

پیغام کے لیے مسلسل رابطے۔ آج ملک کے حالاتیہ ہے کہ یقیناً کمزور ہے ہم اتحادایوں اور تنظیم کا بھی بہتر نظام ہونا چاہیے تھا مگر ہم کے حالات پاکستان کو تنظیم سے تنظیم تر بنانے کیلئے اپنی کوششیں کیلئے کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 1923ء 1940 کو پاکستان کا تصور پیش کیا گیا اور بڑی جدوجہد قربانیوں کے بعد پاکستان وجود میں آیا آج وقت کی ضرورت ہے کہ ہم ایک دفعہ پھر مل کر پاکستان کی خدمت کریں اور ملک کو ایک مضبوط ملک بنائیں۔ ہم نے آزاد ہے کیلئے جس قدر قربانیاں دی ہیں وہ ناقابل فراموش ہیں۔ ہم نے پاکستان کو ایک مضبوط ملک بنانے کیلئے اپنی جانیں قربان کی

جھوٹے سائفر سے سیاست، معیشت اور ریاست کو خراب کیا گیا

ملک محمد احمد خان

ڈونڈا لوکا بانی پی ٹی آئی کے سائفر بیان کو جھوٹ کہنا کون سی نئی بات ہے، ہم تو یہ بات ایک عرصہ سے کہہ رہے ہیں؛ اسپیکر

اسپیکر پرنٹ ہائی کمیشن کی پولیٹیکل کونسلر ذوہیریکی علی علاقات، باہمی دلچسپی کی صورتحال اور پارلیمنٹ کی پالیسی سمیت دیگر امور پر خیالات

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ جھوٹے سائفر سے سیاست، معیشت اور ریاست کو خراب کیا گیا، سائفر بے کیاں، جیب سے نکلی غلط لہرایا سب سیاسی رنگ تھا، اتنا بڑا جھوٹ کبھی زندگی میں نہیں سنا جس سے پاکستان کو نقصان پہنچا، ڈونڈا لوکا بانی پی ٹی آئی کے سائفر بیان کو جھوٹ کہنا کون سی نئی بات ہے، ہم تو یہ بات ایک عرصہ سے کہہ رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا خاصہ یہ رہا کہ ہر شے میں سازش ہے، سائفر کو سیاسی رنگ دیا گیا، حکومت اور عدالت کہہ چکی ہے کہ سائفر کا شوشہ غلط ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی دھاندلی کے الزامات میں کوئی حقیقت نہیں، انہوں نے صرف 25 منٹ میں وارنٹ کی جیں (بقیہ نمبر 9)

سینیٹ انتخابات: زلفی بخاری کی اپیل مسترد

یامین راشد کا کاغذات نامزدگی منظوری کا فیصلہ برقرار

لاہور ہائیکورٹ کے ایبٹ آباد بینچ کے جج جسٹس شاہد بلال حسن نے دونوں اپیلوں پر محفوظ فیصلہ سنایا

لیگی رہنما خواجہ حبیب الرحمٰن کے کاغذات نامزدگی کیخلاف اپیل خارج، ریٹرننگ آفیسر کا فیصلہ برقرار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ کے ایبٹ آباد بینچ نے پاکستان تحریک انصاف کے رہنما زلفی بخاری کی سینیٹ انتخابات میں کاغذات نامزدگی مسترد کیخلاف اپیل خارج کر دی۔ جبکہ یامین راشد کے کاغذات نامزدگی منظوری کا فیصلہ برقرار رکھا ہے۔ جسٹس شاہد بلال حسن نے زلفی بخاری کی اپیل پر محفوظ فیصلہ سنایا جس میں ریٹرننگ آفیسر کے کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کا فیصلہ برقرار رکھا ہے۔

ڈی پی او چکوال کا رمضان ماڈل بازار کا دورہ

چکوال (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود نے رمضان بازار کا اچانک دورہ کیا۔ ڈی پی او چکوال نے شہر میں قائم کردہ رمضان ماڈل بازار کا دورہ کیا۔ پرائس کنٹرول سمیت سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈی پی او چکوال نے تمام دکانداروں، ریڑھی بانوں اور سبزی فروٹ فروشوں کو سرکاری ریٹس پر اشیاء فروخت نہ کرنے پر انکے خلاف سخت (بقیہ نمبر 20)

حکومت نے دو سکیورٹی منصوبوں پر کام شروع کر دیا

منصوبوں میں "سیری میٹرک سکیورٹی سسٹم پروجیکٹ" اور "گوادر سیف سٹی پروجیکٹ" ہیں

گوادر (این این آئی) گوادر شہر میں مالیہ دہشت گردی کے بعد، حکومت پاکستان اپنی انسداد دہشت گردی کی تحت کلی کے حصے کے طور پر گوادر میں دو بڑے سکیورٹی منصوبوں پر عملدرآمد شروع کر دیا ہے۔ منصوبوں کی تفصیلات تیز کر رہی ہے۔ ان اقدامات کا مقصد سکیورٹی کے بنیادی ڈھانچے کو بڑھانا اور سماجی امن کو یقینی بنانا ہے۔ گوادر پر (بقیہ نمبر 21)

گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی اور پاکستان کے موضع بریالی زیر صدارتی سول ایوارڈ شمشیر امتیاز سے نوازے جا رہے ہیں

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے پر 7 ملزمان گرفتار

قبضہ سے اسلحہ و ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 7 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گنجیڑی پولیس نے ملزم حسین سے 01 رائفل 44 بور مسلہ ایمونیشن، مدور بیوری پولیس نے ملزم عبدالرزاق سے 01 پستول 30 بور (بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی، شراب سمگلنگ میں 11 ملزمان گرفتار، 86 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سمگلنگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 11 ملزمان کو گرفتار کر کے 86 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ملزم جنید سے 10 لیٹر شراب، ملزم آکاش سے 10 لیٹر شراب، وارث خان پولیس نے ملزم عادل سے 10 لیٹر شراب، بنی پولیس نے ملزم عامر سے (بقیہ نمبر 24)

امیر بالاج گوئل کرنے والے مظفر کو دانستہ موقع پر بری قتل کرایا گیا

ملزم ٹیلی بٹ کار شیشے دار بلاول مقتول بالاج گوئل کرنے والی ٹیم میں شامل تھا

لاہور (این این آئی) امیر بالاج گیول کیس کی تفتیش جاری ہے۔ جس کی مزید تفصیلات بھی سامنے آئی ہیں۔ پولیس کے مطابق امیر بالاج گوئل کرنے والا شوٹر مظفر مرکزی ملزم کا قریبی آدمی تھا، مظفر بلیور کس میں مرکزی ملزم کے بیٹے کی شادی میں شریک رہا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مظفر قتل کی واردات انجام دینے کے فوری بعد گولی مار نے پر تفتیش جاری ہے۔

دختروں کی اہمیت وافادیت سے انکار ممکن نہیں: حبیب الرحمٰن

درخت دمصرف آلودگی سے پاک وصاف ماحول فراہم کرتے ہیں بلکہ یہ انسانی صحت وتندرستی کو برقرار اور بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا بھی باعث بنتے ہیں

کمشنر چیئرمین ایجوکیشن بورڈ سلوت سیدی کی ہدایت پر تھلیسی بورڈ فیصل آباد میں ہونے والی شجرکاری مہم کی افتتاحی تقریب سے سیکرٹری بورڈ کا اظہار خیال

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) درخت و پودے انسانی صحت وتندرستی کیلئے انتہائی ناگزیر ہیں اگر مشاہدہ کرتے تو گھروں کی زینت باغیچوں میں ماسٹس لیئے میں آسانی جنکہ پر آکسیجن کے ماحول میں شمار ہو جاتا ہے۔ یہ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد ڈاکٹر حبیب الرحمٰن نے ڈویژنل کمشنر چیئرمین بورڈ سلوت سیدی کی ہدایت پر ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد کے لان میں پودا لگا کر شجرکاری کی مہم کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کنٹرولر اختیارات ڈاکٹر محمد جنظر علی ڈپٹی کنٹرولر ایجوکیشن فیصل آباد ڈاکٹر حبیب الرحمٰن نے ڈویژنل کمشنر چیئرمین بورڈ سلوت سیدی کی ہدایت پر ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد کے لان میں پودا لگا کر شجرکاری کی مہم کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کنٹرولر

فیصل آباد: الہدیٰ وطفیر آکیڈمی کیمپس کے زیر اہتمام دستکاری سینڈیکیٹ ٹائپ کانوٹی کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات میں عاقب رفیق، عقائد قاروق، ملک سرفراز، ڈاکٹر عمار رفیق، عدنان احمد محمد عمران، ودیگر انعامات تقسیم کر رہے ہیں

بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری

فیسکو ریجن کے چھ آپریشن سرکلز میں بجلی چوری کے خلاف کارروائیاں دن اور رات کے اوقات میں جاری ہیں

کل 1650 بجلی چوروں کو 41 لاکھ 32 ہزار سے زائد کی لیکشن پوئنٹس اور 18 کروڑ 15 لاکھ سے زائد کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے

فیصل آباد (سٹی رپورٹر) حکومت پاکستان اور وزارت قوانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایات پر فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں بجلی چوروں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر عاصر کی ہدایات پر فیسکو ریجن کے چھ آپریشن سرکلز میں بجلی چوری کے خلاف کارروائیاں دن اور رات کے اوقات میں جاری ہیں۔ سات ستمبر 2023ء سے بجلی چوری کے خلاف جاری اس خصوصی مہم میں فیسکو ریجن کے 194 روز میں کل 6890 بجلی چوروں کو ایک کروڑ 63 لاکھ سے زائد کی لیکشن پوئنٹس پر مشتمل 3 کروڑ 2 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کئے گئے ہیں۔ فیسکو ٹیموں اور پولیس فورس کے مشترکہ آپریشن کے دوران ریجن بھر سے 6622 بجلی چوروں کو گرفتار جبکہ 7877 خلاف مقدمات کا اندراج کروایا گیا ہے۔ فیسکو فرسٹ سرکل سے کل 1650 بجلی چوروں کو 41 لاکھ 32 ہزار سے زائد ڈی لیکشن پوئنٹس اور 8 کروڑ 15 لاکھ سے زائد کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ فیسکو سیکنڈ سرکل سے 1178 بجلی چوروں کو 28 لاکھ 88 ہزار سے زائد ڈی لیکشن پوئنٹس اور 1 کروڑ 55 لاکھ سے زائد کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ فیسکو تھرڈ سرکل سے 780 بجلی چوروں کو 23 لاکھ 86 ہزار سے زائد ڈی لیکشن پوئنٹس اور 8 کروڑ 57 لاکھ سے زائد کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ فی

فوری ضرورت

Daily Awami Lalkaar عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

وزیر سیاحت وثقافت سیدذوالفقار علی سے ایرانی قونصل جنرل حسن نوریلما قات کر رہے ہیں

عوام کے اعتماد کو کبھی ٹھیس نہیں پہنچائیں گے؛ خواجہ سلمان رفیق

سرکاری ہسپتالوں کے حالات بہتر کرنا اولین ترجیح ہے؛ وزیر صحت پنجاب

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اپنے دفتر میں عوامی مسائل کے حل کیلئے مختلف لوگوں نے ملاقاتیں کیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے ڈاکٹر شمس محمد نے بھی ملاقات کی۔ ڈاکٹر شمس محمد نے خواجہ سلمان رفیق کو محکمہ صحت کا نظمان سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ صوبائی وزیر محکمہ صحت خواجہ سلمان رفیق نے (بقیہ نمبر 27)

قانون سازی کیلئے قائمہ کمیٹیوں کی تشکیل تک خصوصی کمیٹی قائم

12 رکنی کمیٹی میں حکومت اور حزب اختلاف کے اراکین شامل ہیں؛ نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں قانون سازی کیلئے قائمہ کمیٹیوں کی تشکیل تک خصوصی کمیٹی قائم کر دی گئی۔ 12 رکنی کمیٹی میں حکومت اور حزب اختلاف کے اراکین شامل ہیں۔ جس میں خرم خان ورک، خالد گھوڑا رجا، منوحسین، محمد ارشد ملک، اسامہ لغاری، بلال یاسین مرتضیٰ اقبال، علی رضا خان خاکوانی اور قاسم ندیم بھسن ذکاء (بقیہ نمبر 28)

لیاری منگو آباد اور گھسر کالونی میں پانی کی تلخت کے باعث باہر سے پانی بھر رہے ہیں

کراچی، پاک بحریہ، پی ایم ایس اے، کسٹمز کا مشترکہ آپریشن

14 کروڑ سے زائد مالیت کی شراب ضبط؛ پاک بحریہ نے ضبط کی گئی شراب کسٹم کا کے حوالے کر دی ہیں

پاک بحریہ سمندری حدود میں کی گئی غیر قانونی سرگرمی کو روک تھام کے لیے بھرپور تیاری، آئی ایس پی آر

اسلام آباد (این این آئی) پاک بحریہ پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی (پی ایم ایس اے) اور کسٹمز کراچی میں مشترکہ آپریشن کے دوران 14.6 کروڑ مالیت کی شراب جبکہ 5 گن۔ سے فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ پاک بحریہ پی ایم ایس اے اور کسٹمز کا مشترکہ آپریشن کیا گیا جس دوران تقریباً 14.6 کروڑ روپے مالیت کی 4 ہزار سے زائد شراب کی بوتلیں ضبط کی گئیں۔ بیان کے مطابق مشترکہ آپریشن جواعت میری ٹائم افائرسیٹس ایڈ کوآرڈینیشن سینڈ کی فراہم کردہ معلومات پر کیا گیا، پاک بحریہ نے ضبط کی گئی شراب کسٹم کا کے حوالے کر دی ہیں۔

راولپنڈی، شراب برآمد 86 لیٹر شراب برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سمگلنگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 11 ملزمان کو گرفتار کر کے 86 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے ملزم جنید سے 10 لیٹر شراب، ملزم آکاش سے 10 لیٹر شراب، وارث خان پولیس نے ملزم عادل سے 10 لیٹر شراب، بنی پولیس نے ملزم عامر سے (بقیہ نمبر 24)

سی ٹی ڈی کا تھانہ بھارہ کہو کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومبنگ آپریشن

37 گھروں، 11 گاڑیوں، 23 موٹر سائیکلوں اور 75 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس زاہد اور ڈسٹرکٹ ڈیپارٹمنٹ نے تھانہ بھارہ کہو کے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومبنگ آپریشن کیا۔ سرچ آپریشن کے دوران 37 گھروں 11 گاڑیوں 23 موٹر سائیکلوں اور 75 مشکوک افراد کو چیک کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل پولیس اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کیلئے مختلف علاقوں میں سرچ اور کومبنگ آپریشن کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس افسران ڈپٹی کمشنر ڈپٹی ڈیپارٹمنٹ (بقیہ نمبر 29)

جدید ٹیکنالوجی کا بھرپور پاکستان کی تقریب میں شریک ہیں

غنی الیکشن، لاہور سے حماد اظہر اور مونس الٰہی کے کاغذات مسترد

پی پی 158 سے مونس الٰہی کے کاغذات نامزدگی بھی مسترد کر دیئے گئے

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن نے غنی الیکشن کر لیا۔ الیکشن کمیشن نے کاغذات نامزدگی کی اختلافات کے لیے لاہور سے قومی اسمبلی کی ایک اور صوبائی اسمبلی کی 4 نشستوں پر کاغذات نامزدگی سے متعلق چاچ پڑتال کا عمل مکمل